## Q/381/21

**M.A. I SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021**

## Urdu Literature

### PAPER - I

### Ghazal

**Time : Three hours** | **Maximum Marks : 40**
**Minimum Marks : 14**

**Note :**

نوٹ۔ سبھی سوالات لازمی ہیں۔

تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں

SECTION-A - (حصہ الف)

1×5=5

سوال نمبر ۱: حسب ذیل سوالوں کے صحیح جواب منتخب کیجئے۔

(i) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں۔

(A) مقطع (B) مسدس (C) حسن مطلع (D) مطلع

(ii) ولی کی پیدائش کب ہوئی۔

(A) سنہ ۱۶۶۷ء (B) سنہ ۱۶۸۲ء (C) سنہ ۱۷۱۰ء (D) سنہ ۱۷۱۲ء

(iii) سراج اورنگ آبادی کا سنِ وفات کیا ہے۔

(A) سنہ ۱۶۸۲ء (B) سنہ ۱۶۹۸ء (C) سنہ ۱۷۶۳ء (D) سنہ ۱۷۹۸ء

(iv) میر کا انتقال کہاں ہوا تھا۔

(A) دہلی (B) لکھنؤ (C) آگرہ (D) کشمیر

2





سوال نمبر ۵: حسب ذیل میں سے کوئی پانچ اشعار کی تشریح کیجئے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے۔

(ا) وفاداری نے دلبر کی بجھایا آتش غم کوں
کہ گرمی دفع کرتا ہے گلاب آہستہ آہستہ

(ب) عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھے جاگے صبح ہوئی آرام کیا

(ج) بس کہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا
آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

(د) آہ کو چاہیئے اک عمر اثر ہونے تک
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہونے تک

(ہ) ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن
خاک ہو جائیں گے ہم تم کو خبر ہونے تک

(و) عشرت قطرہ ہے دریا میں فنا ہو جانا
درد کا حد سے گزرنا ہے دوا ہو جانا

(ز) اک آگ لگ رہی ہے سینوں میں کچھ نہ پوچھو
جل جل کے ہم ہوئے ہیں اُس بن کباب کیا کیا

—×—

(۷) غالب کہاں پیدا ہوئے تھے -

(A) آگرہ (B) دہلی (C) سری نگر (D) فیض آباد

(حصہ ب) (SECTION-B) 2×5= 10

مختصر سوالات

سوال نمبر ۲: غزل کی تعریف کیجئے۔ اور اردو کے پانچ غزل گو شعراء کے نام لکھئے۔

یا

اردو غزل کی مقبولیت کے اسباب لکھئے

سوال نمبر ۳: ولی کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

یا

سراج اورنگ آبادی کی غزل گوئی کی پانچ خوبیاں لکھئے۔

سوال نمبر ۴: میر کی سوانح حیات لکھئے ۔

یا

میر کے بہتر نشتر کیوں مشہور ہیں ۔

سوال نمبر ۵: غالب کی شوخی ان کے کلام میں نمایاں ہیں۔
اس قول کی وضاحت کیجئے۔

یا

غالب کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔





سوال نمبر ۶: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح کیجئے ۔ اور سیاق وسباق کا حوالہ بھی دیجئے۔

(ا) کیا مجھ عشق نے ظالم کو آب آہستہ آہستہ
کہ آتش گل کو کرتی ہے گلاب آہستہ آہستہ

(ب) الٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

(حصہ س) Section-C تفصیلی سوالات 5×5=25

سوال نمبر ۷: اردو غزل کی ابتداء و ارتقاء کا جائزہ لیجئے۔

یا

اردو غزل کی مختصر تاریخ قلمبند کیجئے۔

سوال نمبر ۸: ولی کی غزل گوئی پر تبصرہ کیجئے

یا

سراج اورنگ آبادی کی غزل گوئی کے محاسن تحریر کیجئے۔

سوال نمبر ۹: میر تقی میر نے اپنے رنج و غم کو اپنے دیوان میں جمع کر دیا ہے۔
اس قول کی وضاحت کیجئے۔

یا

میر کی غزل گوئی کی اہم خوبیاں لکھئے۔

سوال نمبر ۱۰: مرزا غالب کا کلام بے حد انوکھا اور نادر ہے۔ اس قول کی توثیق یا تردید کیجئے۔

یا

غالب کی غزل گوئی پر تنقید کیجئے۔

Q/391/21

M.A. I SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021

## Urdu Literature

## PAPER - II

## Qasida & Marsiya

Time : Three hours

Maximum Marks : 40
Minimum Marks : 14

Note :

نوٹ:۔ سبھی سوالات لازمی ہیں۔

تمام سوالوں کے نمبران کے سامنے درج ہیں۔

SECTION-A (حصہ الف) 1×5=5

سوال نمبر ۱۔ صحیح جواب منتخب کیجئے۔

(۱) تشبیب اور مدح کی درمیانی کڑی کی اصطلاح شاعری میں کیا کہتے ہیں۔

(الف) گریز (ب) مدح (ج) دعائیہ

(۲) مرزا سودا کا نام

(الف) مرزا ہادی (ب) مرزا رفیع (ج) مرزا اسد اللہ

(۳) قصیدہ کا پہلا جزو

(الف) گریز (ب) مدح (ج) تشبیب

(۴) قصیدہ کے اجزائے ترکیبی ہیں۔

(الف) میدان (ب) بیت (ج) مدح

(۵) ذوق کا بہاریہ قصیدہ کس کی شان مدح میں ہے

(الف) بہادر شاہ (ب) شاہ عالم (ج) اکبر شاہ

نمبر 2

Q/391/21

سودا کے قصائد کی تشبیب میں مضمون آفرینی اور
لطف بیانی کی دلکشی کا امتزاج ملتا ہے۔ مدلل جواب تحریر کریں۔

سوال نمبر ۔۔ اشعار کی تشریح کیجئے۔ بحوالہ کسی ایک حصے کی۔

(الف)

دہر جز جلوۂ یکتائی معشوق نہیں
ہم کہاں ہوتے اگر حسن نہ ہوتا خود بیں
بے دلی ہائے تماشا کہ نہ عبرت ہے نہ ذوق
بے کسی ہائے تمنا کہ نہ دنیا ہے نہ دیں

(ب)

کبھی تقسیم فرائض کبھی تفہیم اصول
کبھی تعلیم عقائد بکتاب سنت
کبھی تھا علم الٰہی کی طرف ذہن رسا
کبھی کرتی تھی طبعی میں طبیعت جودت

—x—x—

Q/391/21

(حصہ ب) SECTION-B مختصر سوالات 2×5=10

سوال نمبر ۱۔ قصیدہ کے دو اجزاء پر قلمبند کیجئے۔

یا

قصیدہ کی مختصر خوبیاں 50 الفاظ میں لکھئے۔

سوال نمبر ۲۔ سودا کی سوانح پر روشنی ڈالئے۔

یا

سودا کے قصیدہ کی 50 الفاظ میں خصوصیات تحریر کریں۔

سوال نمبر ۳۔ ذوق کی زندگی کے حالات لکھئے۔

یا

سودا اور ذوق کے کلام کی پانچ خوبیوں کا موازنہ کیجئے۔

سوال نمبر ۴۔ غالب کی قصیدہ نگاری پر 50 الفاظ میں ایک مختصر خاکہ لکھئے۔

یا

غالب کی سوانح حیات تحریر کریں۔

سوال نمبر ۵۔ قصیدہ کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ کسی ایک حصّے کی۔

(الف)

فجر ہوتے جو گئی آج میری آنکھ جھپک
دی وہیں آ کے خوشی نے در دل پر دستک
پوچھا میں کون ہے بولی کہ وہ میں ہوں غافل
نہ لگے شوق میں جس کے کبھو شائق کی پلک





(ب)

کالے کوسوں نظر آتی ہیں گھٹائیں کالی
ہند کیا ساری خدائی میں بتوں کا ہے عمل
جانب قبلہ ہوئی ہے یورش ابر سیاہ
کہیں پھر کعبہ پہ قبضہ نہ کریں لات و ہبل

(حصہ س) SECTION-C تفصیلی سوالات 5×5=25

سوال نمبر ۱۔ قصیدہ کی تعریف اور تاریخ پر روشنی ڈالئے۔

یا

قصیدہ کی فنی خوبیاں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر ۲۔ سودا کی قصیدہ نگاری پر روشنی ڈالئے۔

یا

ذوق کو خاقانی ہند کیوں کہا گیا ہے

سوال نمبر ۳۔ غالب کے قصیدے کی انفرادیت بتاتے ہوئے غالب کی قصیدہ گوئی کا جائزہ لیجئے۔

یا

غالب کے قصیدے کا تنقیدی جائزہ پیش ہے۔

سوال نمبر ۴۔ ذوق کے قصیدے کو امتیازی شان بخشتی مختلف علوم و فنون سے قصیدہ کی روشنی میں تبصرہ کیجئے۔

یا

**Q/401/21**

**M.A. I SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021**

# Urdu Literature

## PAPER - III

## Adbi Nasar

**Time : Three hours**

**Maximum Marks : 40**
**Minimum Marks : 14**

**Note :**

نوٹ:۔ یہ پرچہ تین حصوں پر مشتمل ہے
ہر حصہ کے لئے الگ الگ نمبر مختص ہے۔

SECTION-A حصہ الف۔

معروضی سوالات۔ 1×5 = 5

(۱) نیرنگ خیال کیا ہے۔

(A) خطوط (B) انشائیہ (C) فراحیہ (D) تمثیل

(۲) نیرنگ خیال کس کی تصنیف ہے؟

(A) حالی (B) شبلی (C) محمد حسین آزاد (D) محمد حسن

(۳) عود ہندی کیا ہے؟

(A) افسانہ (B) ناول (C) خطوط (D) ڈرامہ

(۴) غبار خاطر کے مصنف ہیں۔

(A) حالی (B) شبلی (C) محمد حسین آزاد (D) مولانا ابوالکلام آزاد

(۵) احمد نگر کس صوبے میں واقع ہے۔

(A) مدھیہ پردیش (B) مہاراشٹر (C) آندھرا پردیش (D) گجرات





لکھ کر رکھ لیا تھا کہ بمبئی پہنچ کر اجمل خان صاحب کے حوالے
کردوں گا۔

—×—×—

(حصہ ب) Section-B

- مختصر سوالات -

۱. تمثیل نگاری یا مکتوب نگاری پر مختصراً روشنی ڈالئے۔

۲. محمد حسین آزاد کے حالات زندگی پر نوٹ لکھئے۔

یا

نیرنگ خیال سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

۳. مرزا غالب کی مکتوب نگاری کی انفرادی خوبیاں تحریر کیجئے۔

یا

غالب کی سوانح پر مختصر نوٹ لکھئے۔

۴. مولانا ابوالکلام آزاد کی مکتوب نگاری پر روشنی ڈالئے۔

یا

آزاد کی زندگی پر مختصر نوٹ لکھئے۔

5. غالب کے خطوط کے مجموعوں کے نام تحریر کیجئے۔

یا

غالب کے مکتوب الیہ کے نام تحریر کیجئے۔

5×5=25 (Section-C) (حصہ ج)

- تفصیلی سوالات -

۱. تمثیل نگاری کیا ہے۔ اردو میں اسکی روایت سے تحریر کیجئے۔

یا

اردو میں خطوط نگاری کے ارتقائی سفر کا جائزہ لیجئے۔

۲. محمد حسین آزاد کی تمثیل نگاری کی خوبیوں کا تفصیل سے جائزہ پیش کیجئے۔

یا

نیرنگ خیال کی روشنی میں آزاد کی تمثیل نگاری پر روشنی ڈالئے۔





۳. غالب کی خطوط نگاری کا تفصیل سے جائزہ لیجئے۔

یا

کیا غالب نے مراسلہ کو مکالمہ بنادیا ہے۔ تفصیل سے تحریر کیجئے۔

۴. مولانا ابوالکلام آزاد کی مکتوب نگاری پر تنقیدی نوٹ لکھئے۔

یا

مولانا ابوالکلام آزاد اور غبار خاطر پر روشنی ڈالئے۔

۵. درج ذیل کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے۔

(الف)

غالب: سنو عالم دو ہیں۔ ایک عالم ارواح اور ایک عالم آب و گل، حاکم ان دونوں عالموں کا وہ ایک ہے جو خود فرماتا ہے۔ لمن الملک الیوم اور پھر جواب دیتا ہے۔ اللہ الواحد القہار ہر چند قاعدہ عام یہ ہے کہ عالم آب و گل کے مجرم عالم ارواح میں سزا پاتے ہیں لیکن یوں بھی ہوا ہے کہ عالم ارواح کے گناہ گار کو دنیا میں بھیج کر سزا دیتے ہیں۔ چنانچہ آٹھ رجب ۱۲۱۲ھ میں روبکاری کے لئے واسطے یہاں بھیجا گیا ہے۔

(ب) وہی صبح چار بجے کا جانفزا وقت ہے ہاؤس بوٹ میں مقیم ہوں۔ داہنی طرف جھیل کی وسعت شالامار اور نشاط باغ تک پھیلی ہوئی ہیں۔ بائیں طرف نسیم باغ کے چناروں کی قطاریں دور تک چلی گئی ہیں۔ چائے پی رہا ہوں اور آپ کی یاد تازہ کر رہا ہوں گرفتاری سے پہلے آخری خط جو آپ کے نام لکھ سکا تھا وہ ۳ اگست ۱۹۴۲ء کی صبح کا تھا۔ کلکتہ سے بمبئی جا رہا تھا۔ ریل میں خط

# Q/411/21

**M.A. I SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021**

## Urdu Literature

## PAPER - IV

## Special Study Iqbal

**Time : Three hours** **Maximum Marks : 40**
**Minimum Marks : 14**

**Note :**

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں۔ سیکشن "A" معروضی سوالات اور سیکشن "B" مختصر سوالات پر اور حصہ "C" تفصیلی سوالات کے جوابات پر مبنی ہیں۔

## SECTION-"A"

سوال نمبر ۱: معروضی سوالات کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے۔

(۱) علامہ اقبال کی تاریخ پیدائش ہے۔

(A) 9 نومبر (B) 24 اپریل (C) 15 دسمبر

(۲) اقبال کہاں پیدا ہوئے۔

(A) دہلی (B) سیالکوٹ (C) آگرہ

(۳) حکومت ہند نے اقبال کو کس خطاب سے نوازا۔

(A) علامہ (B) سر (C) شمس العلماء





سوال نمبر ۱۰: "اقبال کی شاعری پیامی شاعری ہے اور ایک خاص پیام حیات کی تبلیغ کرتی ہے" اس قول کی روشنی میں خیالات واضح کیجئے۔

یا

اقبال کی فلسفہ خودی پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر ۱۱: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حصے کی تشریح کیجئے۔

(الف)

ساحل دریا پہ میں اک رات تھا محو نظر، گوشۂ دل میں چھپائے اک جہانِ اضطراب
شب سکوت افزا ہوا آسودہ دریا نرم سیر۔ تھی نظر حیراں کہ یہ دریا ہے یا تصویر آب
جیسے گہوارہ میں سو جاتا ہے طفل شیر خوار۔ موج مضطر تھی کہیں گہرائیوں میں مست خواب

(ب)

ہم سے پہلے تھا عجب تیرے جہاں کا منظر
کہیں مسجود تھے پتھر کہیں معبود شجر
خوگر پیکر محسوس تھی انساں کی نظر
مانتا پھر کوئی ان دیکھے خدا کو کیونکر
تجھ کو معلوم ہے لیتا تھا کوئی نام تیرا
قوت بازوئے مسلم نے کیا کام تیرا

—x—x—

(4) اقبال کے عربی و فارسی کے استاد کون تھے۔

(A) داغ دہلوی (B) میر حسن (C) مرزا غالب

(5) شامل نصاب اقبال کا مجموعہ ہے۔

(A) بانگ درا (B) ارمغان حجاز (C) پیام مشرق۔

## Section-B

مختصر سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر ۲:۔ اقبال کی شخصیت کے بارے میں مختصراً لکھئے۔

یا

اقبال کی شخصیت کے عناصر پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر ۳:۔ اقبال کی غزل گوئی کی خصوصیات لکھئے۔

یا

اقبال کی غزل کے دو اشعار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر ۴:۔ اقبال کی نظم نگاری کے فنی محاسن پر روشنی ڈالئے۔

یا

بانگ درا میں شامل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ کیجئے۔

سوال نمبر ۵:۔ اقبال کی شاعری میں کیا پیغام دیا ہے مختصراً تحریر کیجئے۔

یا

اقبال کی فلسفہ خودی کے دو شعر جو آپ کو پسند ہو تحریر کیجئے۔





سوال نمبر ۶:۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی تشریح کیجئے۔

(۱) تھی جو موجود ازل سے ہی تری ذات قدیم
پھول تھا زیب چمن پھر نہ پریشاں تھی شمیم

(۲) آہ جولانگاہ عالمگیر یعنی وہ حصار
دوش پر اپنے اٹھائے سینکڑوں صدیوں کا بار

(۳) برتر از اندیشۂ سود و زیاں ہے زندگی
ہے کسی جاں تو کبھی تسلیم جاں ہے زندگی

## SECTION-C

تفصیلی سوالات کے جواب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر ۷:۔ اقبال کی زندگی کے حالات پر مفصل روشنی ڈالئے۔

یا

اقبال کی شخصیت کی تشکیل میں کارفرما اہم عناصر پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر ۸:۔ اقبال کی غزلوں کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

یا

اقبال کی غزل گوئی کی انفرادی خصوصیات کو مثالیں دے کر واضح کیجئے۔

سوال نمبر ۹:۔ اقبال کی نظم نگاری کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

یا

بانگ درا میں شامل نظموں میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ و تبصرہ کیجئے۔